KIKIT

Pathways to recovery

KIKIT ایک سربرآوردہ BME متخصص سماجی انٹرپرائز
ہے جو ضرر پذیر لوگوں کو بحالی صحت سے متعلق تعاون
فراہم کرتا ہے۔

KIKIT سروسیز

رابطہ کریں

ڈراپ-ان سنٹر:	153 Stratford Road Sparkbrook Birmingham B11 1RD
ٹیلی فون:	0121 448 3883
ای میل:	info@kikitproject.org
کھلنے کے اوقات	پیر-جمعہ، 9 بجے صبح - 5 بجے شام
آنے کے اوقات:	پیر- جمعہ، 11 بجے دن - 4.30 بجے شام

آپ کے ملاقات کا وقت:

تاریخ:

وقت:

ہمراہ:

اگر آپ اپنے طے شدہ وقت پر آنے سے قاصر ہیں تو برائے مہربانی دوبارہ نظم کے لئے
0121 448 3883 پر کال کریں.



اندراج کرانا

اندراج کرانا نہایت ہی آسان ہے۔ اپنی ڈراپ-ان سروس میں جائیں، پیر تا جمعہ
11 بجے دن - 4.30 بجے شام، یا ہمیں 0121 448 3883 پر فون
کریں اور ہم آپ کے لیے موزوں اختیارات کے بارے میں بات کریں گے۔

ریفرلز

ہم تمام پیشہ ور لوگوں بشمول جی پیز (GPs)، فارمیسیوں، سماجی کارکنان
اور مقامی پولیس کی طرف سے ریفرلز قبول کرتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس کوئی
ایسا گاہک ہے جس کے بارے میں آپ سوچتے ہیں کہ اسے ہماری خدمات سے
فائدہ پہنچے گا یا اگر آپ کسی ایسے شخص کے بارے میں فکرمند ہیں جسے
آپ جانتے ہیں تو برائے مہربانی kikitproject.org پر ہمارا آن لائن
ریفرل فارم مکمل کریں، referrals@kikitproject.org پر ای
میل کریں یا 0121 448 3883 پر ہمیں کال کریں۔

KIKIT

kikitproject.org

ہمارے بارے میں

KIKIT ایک سربرآوردہ BME متخصص سماجی انٹرپرائز ہے جو ضرر پذیر لوگوں کو بحالی صحت سے متعلق تعاون فراہم کرتا ہے۔ ہماری تکمیلی خدمات منشیات کے غلط استعمال، صحت و سلامتی، اور کمیونٹی کے تحفظ کے ضمن میں زندگیوں اور برادریوں کو بہتر بنانے پر توجہ دیتی ہیں۔ 25 سال سے زیادہ کے تجربہ کے ساتھ، ہماری ٹیم ان لوگوں کی زندگیاں بہتر بنانے کے تئیں عہد بند ہے جنہیں ہماری مدد کی ضرورت ہے۔

ہماری تیار کردہ اور ثقافتی طور پر حساس شخصی نگہداشت، آزادی پیدا کرتے ہوئے اور ایک بہتر زندگی کی تعمیر میں لوگوں کی مدد کرتے ہوئے، سب سے زیادہ ضرر پذیر افراد کو تحفظ فراہم کرنے میں مثبت نتائج حاصل کرنے میں مدد دیتی ہے۔ ہمارے تمام منصوبہ جات ان لوگوں کی ضروریات پوری کرنے کے لیے جن تک پہنچنا مشکل ہے اور حاشیہ پر ڈال دی گئی برادریوں کے لیے تیار کیے گئے ہیں، اور ہماری تیار کردہ خدمات مقامی برادری کی زبانوں میں فراہم کی جاتی ہیں۔

ہم برادری کو ہر اس چیز کے مرکز میں رکھتے ہیں جو ہم کرتے ہیں اور ہم پر مسرت، صحت مند اور خوشحال زندگیاں گزارنے کے لیے لوگوں کا تعاون کرنے اور انہیں اختیار فراہم کرنے کے تئیں جذبہ رکھتے ہیں۔

ہمارے پارٹنرز:

منشیات و شراب

چینج گرو لائیو (CGL) کے ساتھ کام کرتے ہوئے، بحالی صحت کی طرف KIKIT پاتھویز BME متخصص، کثیر زبانی صلاح سے لے کر ثقافتی طور پر حساس معالجاتی پروگراموں تک کمیونٹی پر مبنی منشیات اور شراب سے متعلق معلومات فراہم کرتا ہے۔

کمیونٹی کا تحفظ

برمنگھم کمیونٹی سیفٹی پارٹنرشپ کے ساتھ کام کرتے ہوئے اور برمنگھم سٹی کونسل کی طرف سے مامور کردہ، KIKIT نے ان افراد کی مدد کرنے کے لیے کمیونٹی ریفرل کا ایک طریقہ تیار کر لیا ہے جو انقلابی اور انتہاپسندانہ خیال کے تئیں ضرر پذیر ہو سکتے ہیں۔ ہم، ضرر پذیر نوجوان لوگوں کے ساتھ شامل ہوتے اور ان کی مدد کرتے ہوئے، برمنگھم میں مسجدوں اور دیگر کمیونٹی اداروں کے اندر منشیات کے غلط استعمال سے متعلق تعاون فراہم کرتے ہیں۔

صحت و سلامتی

امبریلا کے ساتھ شراکت میں، ہم اپنی کھلی ہوئی رسائی والی ڈراپ-ان سروس میں دوستانہ صلاح و مشورہ اور معلومات، اور اسی طرح مانع حمل دوائیں، STI کی جانچ کٹ، کمیونٹی ورکشاپس اور حمل کی جانچ، HIV سے متعلق تعاون اور نفسیاتی جنسی خدمات کے لیے ریفرلز فراہم کرتے ہیں۔ NHS برمنگھم یونیورسٹی ہاسپٹل کے ساتھ شراکت میں، ہم برادری کی زبانوں میں BME متخصص جنسی صحت سے متعلق خدمات فراہم کریں گے۔

کمیونٹی ورکشاپس

KIKIT برادری کی زبانوں میں متعدد کمیونٹی ورکشاپس فراہم کرتا ہے جن میں شامل ہیں:

- منشیات و شراب
- گروہ بندی سے متعلق تشدد
- بچے کا جنسی استحصال
- جنسی صحت
- گھریلو زیادتی